تنظیمِ اسلامی مرکزی شعبہ نشرواشاعت
K/36 ماڈل ٹاؤن لاہور-فون 3-042-35869501 -042-35856304 فیکس 042-35834000
E-mail: media@tanzeem.org, Website:www.tanzeem.org

تنظیم اسلامی

25-اکتوبر،2019ء

# پریس ریلیز

## سانحہ ساہیوال کے تمام ملزمان کی بریت ہمارے نظام عدل کی فرسودگی کا ثبوت ہے

لاہور(پ ر) یہ بات امیر تنظیم اسلامی حافظ عاکف سعید نے ایک بیان میں کہی۔ اُنھوں نے کہا کہ مثل مشہور ہے کہ قانون اندھا ہوتا ہے یعنی وہ یہ نہیں دیکھتا کہ مجرم کون ہے بلکہ یہ طے کرتا ہے کہ جرم کیوں اور کس نے سرزد کیا اور سزا سنا دی جاتی ہے۔ جبکہ ہمارے ملک میں قانون کی بڑی بڑی آنکھیں ہیں۔ اگر مجرم کوئی بڑی اور طاقتور شخصیت ہو تو انصاف کا پیمانہ کچھ اور ہوتا ہے اور اُسی جرم کا ارتکاب اگر غریب اور کمزور شخص کرلے تو پیمانہ کچھ اور ہوتا ہے۔ اُنھوں نے کہا کہ سانحہ ساہیوال میں ایک ریاستی ادارے کی شخصیات ملوث تھیں لہٰذا ملزمان بری ہو گئے۔ اسی طرح سانحہ ماڈل ٹاؤن میں وقت کی سیاسی حکومت ملوث تھی لہٰذا قانون بے بس ہو گیا اور کراچی کے سانحہ بلدیہ ٹاؤن فیکٹری میں اُس وقت کی انتہائی طاقتور سیاسی جماعت ملوث تھی لہٰذا کسی ملزم کو کوئی سزا نہیں ہوئی۔ اُنھوں نے کہا کہ ایک حدیث مبارک کا مفہوم یہ ہے کہ پہلی قومیں اس لیے تباہ ہوئیں کہ اُن کے ہاں عدل کے پیمانے طاقتور اور کمزور کے لیے الگ الگ تھے۔ اُنھوں نے کہا کہ انگریز کے بنائے ہوئے اِس عدالتی نظام کو اب گہرا دفن کر دینا چاہیے اور اسلام کا فراہم کردہ عدل کا نظام لائیں جو امیر و غریب، حاکم اور عوام سب کو ایک جیسا انصاف مہیا کرے۔

اُنھوں نے کہا کہ کشمیری 27 اکتوبر کا دن بطور یوم سیاہ اس لیے مناتے ہیں کہ اُن کی رضامندی کے بغیر کشمیر کا الحاق بھارت کے ساتھ کر دیا گیا۔ اُنھوں نے کہا کہ کشمیری آج تک بھارت کو خود پر ایک مسلط قوت سمجھتے ہیں اور آزادی کے لیے جدوجہد کر رہے ہیں۔ بھارت اُن کی جدوجہد کو دبانے کے لیے بدترین ظلم وستم ڈھا رہا ہے۔ ہماری دعا ہے کہ کشمیر میں بھارت کا ناجائز تسلط ختم ہو اور کشمیری آزادی کی فضا میں سانس لے سکیں۔ اُنھوں نے کہا کہ کشمیری پاکستان سے اپنا رشتہ لا الٰہ الا اللہ کی بنیاد پر جوڑتے ہیں۔ کاش پاکستان کلمہ طیبہ یعنی لا الٰہ الا اللہ محمد رسول اللہ کی عملی تعبیر بن جائے تاکہ کشمیر جب پاکستان بنے تو حقیقت میں اِسلام کا قلعہ بن کر دنیا کے سامنے آئے۔ آمین!

(ایوب بیگ مرزا)
ناظم نشر واشاعت تنظیم اسلامی
0321-4893436

جاری کردہ

# TANZEEM E ISLAMI

**<u>PRESS RELEASE</u>: 25 Oct** 2019

**The acquittal of all accused in the Sahiwal Tragedy case is a manifest proof of the demoded nature of our justice system.**

**(<u>Hafiz Aakif Saeed</u>)**

**Lahore (PR): "The acquittal of all accused in the Sahiwal Tragedy case is a manifest proof of the demoded nature of our justice system."**

This was said by the Ameer of Tanzeem-e-Islami, **<u>Hafiz Aakif Saeed</u>**, in a statement. The Ameer said that it is a common saying that 'Justice is Blind', which means that the law does not take into consideration the status and position of the person under trial and limits itself to the nature of crime and the perpetrator onlyand then punishment is awarded in the verdict accordingly. Unfortunately, it appears as if justice has big discriminatory eyes in our country. If a rich and powerful person of 'high status' is the perpetrator in a crime then the parameters of justice are starkly different from those applied when the perpetrator is a poor and weak person of 'low status'committing a similar crime. The Ameer noted that because members of a state institution were responsible for the Sahiwal Tragedy, they were acquitted. Similarly, the Ameer said, the criminal justice system became dysfunctional in the Model Town Tragedy case because the provincial government of that time was involved in it. In the same way no perpetrator was awarded punishment in the Baldia Town Factory Fire case in Karachi as an extremely strong political party of that time was responsible for it, the Ameer added. The Ameer remarked that the meaning of a hadith is that the previous nations were destroyed because their parameters of justice were different for the powerful and the weak. The Ameer asserted that the time has come to bury this criminal justice system created by the colonial British and replace it with the Islamic System of Justice, a system that does not discriminate between the rich and the poor, or, the rulers and the masses, so that everyone could be given impartial and fair justice without bias and discrimination.

The Ameer noted that the Kashmiris observe 27 October as a Black Day because on that day (in 1947) Kashmir had been acceded to India (through the Instrument of Accession) against their collective will. He remarked that the Kashmiri masses consider India as an occupation force even today and are fighting for their freedom against the illegitimate occupation of India. India is using the most brutal kind of oppression and cruelty to suppress their struggle for liberation and freedom. The Ameer said that we pray to Allah *(SWT)* that may the illegitimate occupation of Kashmir by India end soon so that the people of Kashmir could live their lives in freedom. The Ameer said that the people of Occupied Kashmir pledge their relationship with Pakistan on the basis of *La Illaha Ill Allah*. He concluded by supplicating that would that Pakistan become the practical manifestation of the *KalimahTayibah*, i.e.,*La Illaha IllAllah MuhammadurRasulullah*, so that when Occupied Kashmir becomes a part of Pakistan then it does so by emerging as a fortress of Islam in front of the entire world. *Aameen!*


**Issued by**

**Ayub Baig Mirza**

**MarkaziNazim of Press and Publications Section**

**Tanzeem-e-Islami, Pakistan**